سوال

(160) گرہن کے وقت صدقہ کرنا کیسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رہن کے وقت صدقہ کرنا کیسا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سورج چاند گرہن کے وقت صدقہ کرنا مسنون اور موجبِ ثواب ہے۔ صحیح بخاری میں اسماء رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: قالت لقد امر النبی ﷺ بالعتاقة فی کسوف الشمس یعنی آنحضرت ﷺ نے سورج گرہن کے وقت غلام آزاد کرنے کا حکم دیا۔ غلام آزاد کرنا یا کسی قسم کا مال فی سبیل اللہ خرچ کرنا صدقہ وخیرات میں شامل ہے۔ یہی کیفیت چاند گرہن کی ہے: عن ہشام قال کنا نؤمر عند الخسوف بالعتاقة۔ کسوف سورج گرہن اور خسوف چاند گرہن کو کہتے ہیں۔

واللہ اعلم عبدالجبار عمرپوری

(فتاویٰ عمرپوری ص ۳۵)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04 ص 251

محدث فتویٰ